# 68: سورۃ القَلَم

*Flow Chart* *Macro Structure*

| | | |
|---|---|---|
| مکّیہ | آیات:52 | پیراگراف:7 |




## زمانۂ نزول:

سورۃ القلم اعلان عام اور حبشہ (رجب 5 نبوی) کے بعد، غالباً 5 نبوی کے اواخر میں نازل ہوئی ہو گی، جب مخالفت اپنے عروج پر تھی اور رسول ﷺ کو (مجنون) اور (مفتوں) کہا جا رہا تھا۔

آیت 10 تا 15 غالباً مشرکین کے ایک سردار اخنس بن شریق ثقفی یا ولید بن مغیرہ یا اسود بن یغوث کے بارے میں نازل ہوئیں۔ اس حصے میں کافر قیادت کے اوصاف گنوائے گئے اور ان کی اطاعت سے منع کر دیا گیا۔

آیت 16 سَنَسِمُهٗ عَلَى الْخُرْطُوْمِ غالباً قریش کے مشہور لیڈر (ولید بن مغیرہ مخزومی) کے بارے میں نازل ہوئی۔